| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوّتے/ مصمتے | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف تہجی کا اعادہ مصوتوں کا تعارف مصمتے کی پہچان کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف تہجی کا اعادہ، مصوتوں اور مصمتوں کی پہچان کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی میں کچھ ایسے حروف ہوتے ہیں جن سے باقی حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں۔<br>جیسے: ب ا- با بابا ان حروف کو مصوتے کہتے ہیں۔<br>''ا،و،ی،ے'' کو مصوتے کہتے ہیں (Vowels) بچوں کو بتائیں کے مصوتوں کے بغیر لفظ نہیں بن سکتا۔ مصوتوں کی کل تعداد چار ہے۔حروف تہجی کے باقی حروف کو مصمتے کہا جاتا ہے۔<br>تختہ سیاہ/سفید پر ا ، و ، ی ، ے ۔ بڑا بڑا لکھ کر بار بار اس کی آواز کی دہرائی کروایئے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف کے آخر میں ان کی آواز مختلف ہوتی ہے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر مصوتے اور مصمتے کا کالم بنائیں۔ بچوں میں حروف تہجی کے کارڈ تقسیم کریں۔<br>مصوتوں کے لیے بچے پاؤں سے فرش بجائیں گے اور مصمتے کے لیے میز بجائیں گے۔ اب آپ کسی بچے کا نام لے کر کہیں گی۔<br>(مثال کے طور پر علی آپ کے پاس کون سا حرف ہے۔ علی فلیش کارڈ اٹھا کر دکھائے گا۔ اس کے پاس 'س' ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا 'س' مصوتہ ہے یا مصمتہ۔ اگر مصوتہ ہے تو پاؤں سے فرش بجائیں اور اگر مصمتہ ہے تو میز بجائیں، پھر آپ تختہ سیاہ/سفید پر مصمتے کے نیچے 'س' لکھ دیں۔ اس طرح تمام حروف کی مشق کروایئے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 93 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کو مصوتہ اور مصمتے کے طور پر پڑھا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:** حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر مصوتے اور مصمتے پوچھیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 86<br>ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' ا ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ<br>مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>' ا ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' ا ' (بطور آخری آواز) دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو مصوتوں اور مصمتوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ' ا ' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ مصوتے چار ہیں۔ (ا ، و ، ی ، ے ) آج ہم ' ا ' کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے دو حرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں۔ تختہ سیاہ/ سفید پر آدھی اشکال کا اعادہ کروائیے۔ حروف کو ' ا ' سے ملا کر تختہ سیاہ/ سفید پر لکھیے۔ | 15 منٹ | | |
| | با پا تا ٹا ثا<br>جا چا حا خا<br>دا ڈا ذا را ڑا زا ژا | 15 منٹ | ورک شیٹ | |
| | سا شا صا ضا طا ظا<br>عا غا فا قا کا گا لا ما<br>نا وا ہا یا | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' ا ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | دو حرفی الفاظ کی پڑھائی کروایئے اور بتایئے کہ 'ا' جب حروف سے ملتا ہے تو تھوڑی لمبی آواز دیتا ہے آواز لمبی کروانے کی سرگرمی کروایئے ۔ بولیے بااااا۔۔۔۔۔۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 94 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کو مصوتہ 'ا' کے ساتھ جوڑ کر پڑھائی کروائی جائے گی۔ آخر کی آواز پر زور دیا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>حروف کو 'ا' سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں 'ب تا ج' خاندان کے حروف کو مصوتہ 'ا' سے ملا کر لکھیے۔ | 20 منٹ<br><br>5 منٹ | کتاب صفحہ<br>94 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ 'ا' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے مصوتہ 'ا' پہچان سکیں۔'ا' بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتے اور مصمتے کی دہرائی کروائی جائے گی۔'ا' کو باقی حروف کے ساتھ ملا کر پڑھایا جائے گا۔ | 3 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ<br>95،96 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا<br>'ا' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر لکھنے اور پڑھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو یاد دہانی کروائی جائے گی کہ مصوتے چار ہیں۔ہم مصوتوں کو باقی حروف کے ساتھ جوڑ کر دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنا سکتے ہیں۔بچوں کو'ا' کی آواز بتایے پلے ڈو دے کر حروف کو'ا' سے ملانے کی مشق کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو بتایئے جب ہم حروف کو مصوتہ'ا' سے جوڑیں گے تو حروف کی آدھی شکل کا استعمال کریں گے مگر جب ہم حروف کو توڑ کر لکھتے ہیں تو ان کی پوری شکل لکھتے ہیں۔کتاب صفحہ 95 کھولنے کو کہا جائے گا۔تمام دو حرفی الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔دیے گئے الفاظ کو توڑ کر لکھنا بتایا جائے گا۔کتاب صفحہ 96 پر حروف کو'ا' کے ساتھ ملا کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 25 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر دو حرفی لفظ لکھ کر بچوں سے ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 2 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ 'ا' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ا' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ا' بطور مصوتہ آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے شرارتی حروف کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ 'ا' بطور مصوتہ پہچان، آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ا، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، و اپنے حروف ہیں جو اپنے سے بعد میں آنے والے حروف سے نہیں ملتے۔ تختہ سیاہ/سفید پر دا، ڈا، ذا، را، ڑا، زا، ژا، وا لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں پر دوحرفی لفظ لکھ کر ٹوکری میں رکھے جائیں گے۔ مثال کے طور پر (با، حا، چا، دا، سا، شا، طا، نا، ما) وغیرہ۔ معلمہ تختہ سیاہ پر توڑ لکھے گی جیسا کہ (س+ا)۔ کسی بھی بچے کو بلا کر ٹوکری میں سے جوڑ تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔ باری باری بچوں سے سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 97 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے حروف کو 'ا' کے ساتھ ملا کر پڑھنے، پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 25 منٹ | ٹوکری<br>کتاب صفحہ 97 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں مختلف دوحرفی لفظ بنانے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 98 کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ 'ا' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مصوتہ 'ا' پہچان سکیں۔ 'ا' بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ 'ا' کو حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم 'ا' بطور مصوتہ دہرائی کریں گے۔ تمام حروف کو مصوتہ 'ا' سے ملا کر معلمہ تختہ سیاہ/سفید پر لکھے گی اور باری باری پڑھائی کروائے گی۔ لکیر لگا کر حروف کو مصوتہ 'ا' سے ملا کر لکھنا بتائے گی۔ | 10 منٹ | sand tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>Sand Tray دے کر حروف کو 'ا' سے ملا کر لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 99 کھولنے کو کہا جائے گا۔ س تا غ حروف کو 'ا' کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 25 منٹ | کتاب صفحہ 99 | |
| | **اختتامیہ:**<br>'ا' کے ساتھ مختلف/ دوحرفی الفاظ دکھا کر ان کو پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>گھر کا کام:<br>کتاب صفحہ 100 کیجیے۔ کاپی پر حروف کو ا سے ملا کر لکھیے۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |